Sociology - FA Part 2 Sociology Urdu Medium Chapter 6 Short Questions Test

Q1. جمہوری خاندان کی تعریف کریں.

Ans 1: "جمہوری خاندان سے مراد وہ خاندان ہے جس میں میاں بیوی دونوں کے رائے کی اہمیت برابر حامل ہو "

Q2. نسبی منصب کیا ہوتا ہے.

Ans 1: وہ منصب جو پیدائش طور پر کسی فرد کو خود بخود حاصل ہوتا ہے. فرد اس کے حصول کے لئے کوئی کوشش نہیں کرتا. اس میں اس کا حسب و نسب اس کی زات ، اس کا مذہب اس کی جنس یعنی مرد یا عورت اور اس کی عمر شامل ہیں.

Q3. برادری کی تعریف کریں.

Ans 1: "چند گھرانے جو آپس میں ازدواجی تعلقات قائم کرتے ہیں. برادری کہلاتے ہیں "

Q4. پدرسری خاندان سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ہمارے دیہی معاشرہ میں اختیار کے لحاظ سے خاندان پدرسری ہیں. گھر کا سب سے عمر رسیدہ مرد اس کا سربراہ ہوتا ہے. اسے گھر کےجملہ معاملات میں فیصلہ کرنے کی قوت ہوتی ہے. وہ اہم معاملات میں اپنے بیٹوں ، بیوی یا دیگر افراد سے مشورہ کرسکتا ہے.

Q5. رشتہ داری سے کیا مرادہے.

Ans 1: دو یا دو سے زیادہ خاندان جب آپس میں ازدواجی تعلق میں منسلک ہوجائیں تو اس تعلق کو ہم رشتہ داری کہتے ہیں. رشتہ داری دراصل خونی تعلق کا دوسرا نام ہے.

Q6. مشترکہ خاندان کی تعریف کریں.

Ans 1: مشترکہ خاندان وہ خاندان ہے جس میں کم از کم دو سادہ خاندان ہوں. یامیاں بیوی کے ساتھ ان کے سسر ، ساس، ماں اور باپ میں کوئی رہائش پذیر ہو ۔.

Q7. برادری کے دو وظائف بیان کریں.

Ans 1: 1 - برادری افراد کےلیے ازدواجی رشتے فراہم کرتی ہے.

Ans 2: 2 - برادری خوشی غمی میں ایک دوسرے سے تعاون کرتی ہے.

Q8. پنجاب میں شادی کی نمایاں اقسام کونسی ہیں.

Ans 1: 1- طے شدہ شادی 2- پسند کی شادی 3- وٹہ سٹہ شادی 4- داخلی شادی 5- خارجی شادی 6- یک زوجگی 7- کثیر زوجگی

Q9. کار منصب سے کیا مراد لی جاتی ہے.

Ans 1: منصب کی عملی تشکیل کا نام کار منصب ہے. جب کوئی فرد اپنے منصب کے مطابق کوئی فرض انجام دیتا ہے. پس منصب کے مطابق اپنے فرض کی ادائیگی کار منصب کہلاتی ہے.

Q10. مشترکہ خاندان کی تعریف کریں.

Ans 1: مشترکہ خاندان وہ خاندان ہے جس میں کم از کم دو سادہ خاندان ہوں. یامیاں بیوی کے ساتھ ان کے سسر ، ساس، ماں اور باپ میں کوئی رہائش پذیر ہو ۔.